از: **نیو یارک اسٹیٹ آفس آف ٹمپریری اینڈ ڈس ایبلٹی اسسٹنس**
**P.O. Box 1930**
**Albany, NY 12201 - 1930**

**مبنی بر انصاف سماعت کے فیصلے کی ترسیل**
**برائے درخواست گزار**

---

مبنی بر انصاف سماعت #: **XXXXXXXX**
تاریخ سماعت: **XX/XX/XX**
فیصلے کی تاریخ: **XX/XX/XX**
کیس #: **XXXXXXXXX**
درجہ بندی/ذیلی درجہ بندی: **XXX**

ایجنسی **XXXXXXX**
نمائندہ **XXXXXXXX**
**XXXXXXXXXXX**
**XXXXXXXXX**
**XXXXXX, XX XXXXX**

---

************************************************
* **آپ کی مبنی بر انصاف سماعت کا فیصلہ لف ہے** *
************************************************

بنام:

XXXXXXXXX XXXXXXX
XXXXXXXXXXXXXX
XXXXXXX, XX XXXXX

اگر فیصلے میں ظاہر کیا گیا ہے کہ آپ اپنی سماعت میں جیت گئے ہیں اور آپ کی مقامی سوشل سروسز ایجنسی کو کوئی کاروائی کرنے کا حکم دیا گیا ہے تو ایجنسی اب کے بعد (جلد از جلد) اس کے مطابق کرے گی۔ اگر آپ کو محسوس ہو کہ ایجنسی نے آپ کو یہ فیصلہ موصول ہونے کے بعد 10 دن کے اندر وہ کاروائی نہیں کی جو کہ یہ فیصلہ اس کو کرنے کے لیے کہہ رہا ہے تو آپ منسلک فارم پُر کر کے اس پتے پر بھیج سکتے ہیں:

New York State Office of Temporary and Disability Assistance
Office of Administrative Hearings
Compliance Unit
P. O. Box 1930
Albany NY 12201 - 1930

یا اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں:
3334-342-800-1

نوٹ: اگر فیصلے میں درج ہے کہ آپ نے ایجنسی کو معلومات یا دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی یا اگر ایجنسی مبنی بر انصاف سماعت کے فیصلے کی تعمیل میں آپ سے اضافی معلومات فراہم کرنے کو کہے تو جس قدر جلد ممکن ہو، آپ کو یہ ایجنسی کو فراہم کرنا ہوں گی۔ اگر آپ فوراً معلومات فراہم نہیں کرتے تو ہو سکتا ہے کہ ایجنسی عمومی مدت کے اندر فیصلے کی تعمیل نہ کر پائے۔

اگر آپ اپنی سماعت میں نہیں جیتے تو آپ سول پریکٹس لاء اینڈ رولز کی شق 78 کے مطابق اس ریاستی ایجنسی کے خلاف قانونی مقدمہ کر سکتے ہیں جس کا نام فیصلے کے بالائی حصے میں بائیں جانب درج ہے۔ اگر آپ قانونی مقدمہ کرنا چاہیں لیکن اس کا طریقہ کار معلوم نہیں ہے تو آپ کو چاہیے کہ خود کو دستیاب قانونی خدمات سے رابطہ کریں (مثلاً - کاؤنٹی بار ایسوسی ایشن، لیگل ایڈ، لیگل سروسز وغیرہ)۔ آپ کو قانونی مقدمہ، فیصلے کی تاریخ کے بعد 4 ماہ کے اندر اندر شروع کرنا ہو گا۔

اس فیصلے کی ایک نقل اوپر فہرست میں درج تمام نمائندوں کو بذریعہ ڈاک بھیجی گئی ہے۔